


4625CH20

# تنوین

ً

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آناً فاناً | احتراماً | اشارتاً | تقریباً | جبراً | خصوصاً | رسماً | |
| عموماً | عادتاً | غالباً | فوراً | قصداً | لازماً | مثلاً | |
| نسبتاً | واقعتاً | وقتاً | ہدایتاً | شرارتاً | شکایتاً | مجبوراً | مزاجاً |

**تدریسی اشارے:**

- اردو میں کچھ ایسے بھی الفاظ ہیں جن میں بولتے وقت ’ن‘ کی آواز سنائی دیتی ہے لیکن لکھتے وقت ’ن‘ کا استعمال نہیں ہوتا۔ ’ن‘ کی آواز کے لیے دوزبر کا استعمال کرتے ہیں۔ جیسے فوراً، غالباً، تقریباً وغیرہ۔ ایسے ”دوزبر“ کو تنوین کہتے ہیں۔ تنوین لفظ کے آخری حرف ’الف‘ پر لگائی جاتی ہے۔ ایسے الفاظ جو ہائے مختفی (ہ) پر ختم ہوتے ہیں ان میں ’ہ‘ کو ’ت‘ سے بدل کر الف جوڑ دیتے ہیں اور دوزبر لگا دیتے ہیں۔ جیسے ارادہ سے ارادتاً اور اشارہ سے اشارتاً۔
- اردو میں تنوین زیر (ٍ) اور تنوین پیش (ٌ) کی بھی کچھ مثالیں ملتی ہیں مگر ان کی تعداد اور ان کا استعمال بہت کم ہے۔

© NCERT not to be republished

استاد کو دیکھ کر طلبا احتراماً کھڑے ہو گئے

تمام زبانیں خصوصاً اردو نہایت شیریں زبان ہے

اکمل فوراً گھر واپس جاؤ

عادتاً وہ ایک اچھا لڑکا ہے

وہ اتفاقاً مجھے مل گئے تھے

## مشق

1. ان لفظوں کو لکھوائیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تقریباً | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| دفعتاً | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| قصداً | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| مزاجاً | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| واقعتاً | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |

2. نیچے دیے ہوئے لفظوں پر تنوین (ــً) لگوائیے اور انھیں سامنے لکھوائیے:

انتظام = ....................................

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| جبر | = | ................................ |
| رسم | = | ................................ |
| لازم | = | ................................ |
| ارادہ | = | ................................ |
| نسبت | = | ................................ |
| تحفہ | = | ................................ |

### 3. نیچے دیے ہوئے لفظوں سے تنوین ہٹا کر صحیح لفظ لکھوائیے:

| | | |
|---|---|---|
| احتراماً | = | ................................ |
| شرارتاً | = | ................................ |
| عادتاً | = | ................................ |
| نتیجتاً | = | ................................ |
| اشارتاً | = | ................................ |

### 4. مثال کے مطابق نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھوائیے:

| | | |
|---|---|---|
| مثال: مثلاً | = | مثال کے طور پر |
| ہدایتاً | = | ................................ |
| شکایتاً | = | ................................ |
| واقعتاً | = | ................................ |

© NCERT not to be republished

## 5. ان لفظوں کو پڑھوائیے :

دفعتاً ہدایتاً کنایتاً دانستاً ہدیتاً قیمتاً

© NCERT not to be republished



